ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر کی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن اور سوئی سدرن گیس کے وفد سے میٹنگ ۔

نیو کراچی ٹاؤن میں گیس لائنوں کے لئے کی جانے والی کھدائی پر تحفظات ۔

سوئی سدرن گیس کمپنی کھدائی کے دوران واٹر اینڈ سیوریج کی لائنوں کا خیال رکھے۔وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر

عوامی خدمت کے ادارے عوام کی پریشانی کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کو پائے تکمیل تک پہنچائیں۔وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر

مورخہ: 02/ دسمبر 2024ء

کراچی ( ) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کی ہدایت پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر کی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن اور سوئی سدرن گیس کے وفد سے میٹنگ ۔اس موقع پر یونین کمیٹیز کے چیئرمین، وائس چیئرمینز، یوسی پینل کے اراکین، سپرٹینڈنگ انجینئر بی اینڈ آر اشفاق حسین ،انچارج بی اینڈ آر فیصل صغیر ،سوئی سدرن گیس کمپنی اور واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے نمائندے شریک تھے ۔وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر نے عوامی خدمت فراہم کرنے والے اداروں کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کی جانب سے شکایات موصول ہورہی ہیں کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے ڈالی جانے والی لائنوں کی وجہ سے عوام ویسے ہی پریشانی سے دوچار ہیں اور کھدائی پر مامور عملہ کھدائی کے دوران پانی اور سیوریج کی لائنوں کو بھی ڈیمج کررہا ہے جس سے ایک طرف تو سیوریج کا پانی سڑکوں پر آرہا ہے اور پینے کے صاف پانی میں مل کر اُسے بھی خراب کررہا ہے جس کی وجہ سے عوام کی پریشانی میں مزید اضافہ ہورہا ہے ۔لہذا سوئی گیس کمپنی بہتر حکمت عملی اپنائے اور کھدائی کے دوران ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے والی واٹر اینڈ سیوریج لائنوں کی فوری مرمت کے اقدامات کرے تاکہ عوام کی بنیادی ضرورت بلاتعطل جاری رہے ۔اس موقع پر واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے نمائندوں نے کہا کہ سوئی گیس کمپنی کے ذمہ داران عوامی شکایات پر فوری توجہ دیں کیونکہ پینے کے پانی کی ترسیل میں خلل پیدا ہورہا ہے اور سیوریج کا نظام بھی متاثر ہورہا ہے ۔اس موقع پر انچارج بی اینڈ آر فیصل صغیر نے کہا کہ ہماری سوئی سدرن گیس کمپنی سے پہلے ہی میٹنگ میں یہ بات طے ہوئی تھی کہ اندرونی گلیوں میں مینول لیبر سے کھدائی کرائی جائے گی اگر اندرونی گلیوں میں ایکسیویٹر سے کام لیا جارہا ہے تو اس کی یونین کمیٹی کے چیئرمین نشاندہی کریں تاکہ اس پر فوری ایکشن لیا جاسکے کیونکہ اندرونی گلیوں میں 25 مکان ہیں تو ان کے 25 ہی کنکشن ہونگے جس کی وجہ سے بڑی احتیاط سے کھدائی کا عمل مکمل کیا جائے ۔وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر نے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی احتیاط سے کام کریں اور عوام کی پریشانی کو مزید نہیں بڑھائیں ،عوام جماعت اسلامی کے نمائندوں کے پاس اپنی شکایات لیکر آرہے ہیں اور عوام کی پریشانی کو دیکھتے ہوئے آج اس میٹنگ کا انعقاد کیا گیا ہے ہم عوامی نمائندے ہیں اور عوام کی پریشانی میں اُن کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر

پبلک ریلیشن آفیسر

نیو کراچی ٹاؤن